# GHANI GLOBAL GLASS LIMITED

Manufacturers of World Class Tubing & Glassware

Ghani Global Group

GGGL/Corp-AGM/PSX

October 05, 2023

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
**Karachi.**

**Notice of Annual General Meeting – Ghani Global Glass Limited**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of 16th Annual General Meeting of Ghani Global Glass Limited to be held on 28 October 2023 at 10.30 A.M. at registered office of the company at 10-N, Model Town, Lahore, being published in newspapers on October 06, 2023.

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

For and on behalf of
**Ghani Global Glass Limited**

**FARZAND ALI**
Company Secretary

**Encl:** - As Above

CC: The Executive Director / HOD, Offsite–II Department, Supervision Division, SECP, ISD

# GHANI GLOBAL GLASS LIMITED

Ghani Global Group

Faith.... Experience.... Innovation.... Growth

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that 16th Annual General Meeting (AGM) of Ghani Global Glass Limited (the Company) will be held on Saturday, October 28, 2023, at 10:30 AM, at registered office of the Company, at 10-N, Model Town Ext., Lahore, to transact the following business:-

1. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Company for the year ended June 30, 2023 together with Directors' and Auditors' Reports thereon.

   In accordance with Section 223 of the Companies Act, 2017, and pursuant to S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the financial statements of the Company have been uploaded on the website of the Company which can be downloaded from the following weblink and QR enabled code:

   https://www.ghaniglobal.com/ghaniglobalglass/annual-reports/

2. To appoint auditors of the Company for the year ending June 30, 2024 and to fix their remuneration. The shareholders are hereby notified that the retiring auditors' M/S CROWE Hussain Chaudhry & Co., Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for reappointment.
3. To elect seven (07) directors as fixed by the board under the provisions of the Companies Act, 2017 for a period of three years commencing from October 31, 2023.

   The names of retiring directors are as under:-

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Atique Ahmad Khan | 2. | Mr. Masroor Ahmad Khan | 3. | Mr. Abdullah Ahmad |
| 4. | Mr. Chaudhry Umair Waqar | 5. | Mr. Syed Sibtul Hassan Gilani | 6. | Ms. Saima Shafi Rana |
| 7. | Mr. Yasir Ahmed Awan | | | | |

4. Any other business with permission of the Chair.

**By Order of the Board**
**FARZAND ALI**
Company Secretary

**Place:** Lahore
**Dated:** October 04, 2023

**Notes:**

1. **BOOK CLOSURE**

   Share Transfer books of the Company will remain closed and no transfer of shares will be accepted for registration from Saturday, October 21, 2023 to Saturday, October 28, 2023 (both days inclusive). Transfer received in order at the office of the share registrar

   Digital Custodian Company Limited
   4-F, Perdesi House, Old Queens Road, KARACHI
   Telephone No. 021 32419770 Email: muhammad.suleman@digitalcustodian.co

   at the close of business on Friday, October 20, 2023 will be treated in time for the purpose of attendance in the AGM.

2. **ELECTION OF DIRECTOR**

   Any person who seeks to contest the election shall, whether he/she is a retiring director or otherwise, send his/her nomination along with all requisite documents (under Companies Act, 2017 and Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulation, 2019) for election, duly signed by the member or members making the nomination or by their duly authorized representative, to the Company at its registered office, 10-N, Model Town Extension, Lahore which should be received not less than fourteen (14) clear days before the date of the meeting.

   In compliance with the provisions of Regulation 7A of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulation, 2019 vide SECP Notification S.R.O.906(1)/2023 dated July 07, 2023, election of directors will be held in the following categories:

| Sr.No. | Name of Category | No. of Directors to be elected |
|---|---|---|
| 1. | Female Director | 01 |
| 2. | Independent Directors | 02 |
| 3. | Other Directors | 04 |

   Any member while submitting his/her Notice of Intention shall select any one of the above categories and clearly mention his Notice of Intention for which category he/she seeks to contest the election of directors.

3. **ATTENDANCE OF MEETING**

   A member entitled to attend, speak and vote at the AGM is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote instead of him/her.

   Proxies in order to be effective duly signed, filled and witnessed must be deposited at the Registered Office of the Company, along with the attested copies of valid Computerized National Identity Card (CNIC) or Passport, not less than 48 hours before the meeting.

   CDC Account Holders will have to follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000 issued by the SECP for attending the meeting.

   Attendance in the meeting shall be on production of original CNIC or passport.

   Keeping precautionary measures regarding COVID-19, the Company intends to convene this AGM with minimal physical interaction of shareholders while ensuring compliance with the quorum requirements and requests the members to consolidate their attendance and voting at the AGM through proxies and/or video link.

   The Company has made arrangements to ensure that all participants, including shareholders, can now participate in the AGM proceedings via video link. In order to attend the meeting through video link members are requested to share the below information at agmgggl23@ghaniglobal.com, for their appointment/registration and proxy verification by or before Saturday, October 21, 2023 as per below format.

| Full Name | Folio/CDC No. | Company Name | CNIC Number | Registered Email Address | Cell Number |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

   Video link details and login credentials will be shared with those members whose registered emails containing all the particulars are received on or before Thursday, October 26, 2023.

   Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the AGM at the email address agmgggl23@ghaniglobal.com.

4. **AVAILABILITY OF AUDITED FINANCIAL STATEMENTS ON COMPANY'S WEBSITE:**

   The audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2023 have been made available on Company's website www.ghaniglobalglass.com in addition to annual and quarterly financial statements for the prior years/periods.

   Notwithstanding the above, the Company will provide hard copies of the audited financial statements, to those members on their request, at their registered address, free of cost, within one (1) week of receiving such request.

5. **CHANGE IN ADDRESS AND CNIC**

   Members are requested to notify/submit the following information / documents, in case of book entry securities in CDS to their respective participants and in case of physical shares to the registrar of the Company by quoting their folio numbers and name of the Company at the below mentioned address of the Company's Share Registrar, if not earlier notified/submitted:

   - Change in their address, if any
   - Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC are requested to submit the same along with folio numbers at earliest, directly to the Cmpany's Share Registrar.

# غنی گلوبل گلاس لمیٹڈ

Ghani Global Group

Faith.... Experience.... Innovation.... Growth

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ غنی گلوبل گلاس لمیٹڈ (کمپنی) کا 16 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 اکتوبر 2023، بروز ہفتہ، دن 10:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع N-10 ، ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

### معمولی امور

1. 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع اس پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹیں وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور ان کی منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 کے تحت اور S.R.O. 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی رو سے کمپنی کی فنانشل سٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہیں جو نیچے دیئے گئے ویب لنک اور QR Enabled Code سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں:

https://www.ghaniglobal.com/ghaniglobalglass/annual-reports/

2. کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے متعین کردہ سات (07) ڈائریکٹرز کو 31 اکتوبر 2023 سے تین سال کی مدت کے لئے منتخب کرنا۔
سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درجہ ذیل ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | جناب عتیق احمد خان | 2. | جناب مسرور احمد خان | 3. | جناب عبداللہ احمد |
| 4. | چودھری عمیر وقار | 5. | سید سبط الحسن گیلانی | 6. | محترمہ صائمہ شفیع رانا |
| 7. | جناب یاسر احمد اعوان | | | | |

3. کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر برائے مالی سال مختتمہ 30 جون 2024ء اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ ممبران کو یہاں مطلع کیا جاتا ہے کہ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز کروحسین چودھری اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ، نے اہل ہونے کے ناطے دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

4. چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

لاہور

تاریخ: 4 اکتوبر 2023

منجانب بورڈ

**فرزند علی**

کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

### 1. کتب کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب مورخہ 21 اکتوبر 2023 بروز ہفتہ تا مورخہ 28 اکتوبر 2023 بروز ہفتہ (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور حصص کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لئے قبول نہیں کی جائے گی۔ دفتر شیئر رجسٹرار

**ڈیجیٹل کسٹوڈین کمپنی لمیٹڈ**

F-4، پردیسی ہاؤس، اولڈ کوئینز روڈ، کراچی۔ فون نمبر: 021 32419770

ای میل: muhammad.suleman@digitalcustodian.co

میں بروز جمعہ مورخہ 20 اکتوبر 2023 میں اوقات کار ختم ہونے پر موصولہ منتقلیوں کو سالانہ اجلاس میں حاضری کے مقصد کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

### 2. ڈائریکٹرز کا انتخاب

کوئی بھی شخص جو انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، چاہے وہ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر ہوں یا بصورت دیگر، وہ انتخاب کے لئے اپنی نامزدگی مع تمام مطلوبہ دستاویزات (کمپنیز ایکٹ، 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن، 2019 کے تحت)، نامزدگی کرنے والے رکن یا ارکان کے دستخط کے ساتھ، یا اپنے مجاز نمائندے کے ذریعے، کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ دفتر N-10، ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن، لاہور کے پتہ پر بھجوا دیں جو اجلاس کی تاریخ سے قبل زیادہ سے زیادہ چودہ (14) واضح ایام میں موصول ہو جانی چاہیئے۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن، 2019 کے ریگولیشن 7A کی دفعات کی پاسداری کرتے ہوئے ڈائریکٹرز کا انتخاب درج ذیل کیٹیگریز میں منعقد ہوگا:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | خاتون ڈائریکٹر | 01 |
| 2. | آزاد ڈائریکٹرز | 02 |
| 3. | دیگر ڈائریکٹرز | 04 |

کوئی بھی رکن اپنا نوٹس برائے آمادگی جمع کرواتے وقت مندرجہ بالا کیٹیگریز میں سے کسی ایک کا انتخاب کرے گا اور اپنے نوٹس برائے آمادگی کا واضح طور پر ذکر کرے گا کہ وہ کس کیٹیگری کے لئے انتخاب لڑنا چاہتا ہے۔

### 3. اجلاس میں حاضری

سالانہ اجلاس عام میں شرکت، تقریر اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والے رکن کو اپنی جگہ شرکت کرنے، تقریر کرنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کرنے کا استحقاق حاصل ہے۔

پراکسی کو موثر حیثیت دینے کے لئے اس پر مناسب طریقے سے دستخط کر کے، اسے پُر کر کے اور گواہی کے ساتھ درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول کے ہمراہ اجلاس سے زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرا دیا جائے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کے لئے ایس ای سی پی کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، مورخہ 26 جنوری 2000 میں بیان کئے گئے رہنما اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔

اجلاس میں شرکت کے لئے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

کووڈ-19 کے حوالے سے حفاظتی اقدامات کے پیش نظر کمپنی یہ سالانہ اجلاس عام حصص داران کے کم سے کم میل جول کے ساتھ لیکن کورم کی شرائط کی پاسداری کو یقینی بناتے ہوئے منعقد کرنے کی خواہشمند ہے اور ارکان سے درخواست کرتی ہے کہ وہ پراکسی اور/یا وڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں اپنی حاضری اور ووٹنگ کو حتمی شکل دیں۔

کمپنی نے اس امر کو یقینی بنانے کے انتظامات کر لئے ہیں کہ تمام شرکاء، بشمول حصص داران اب سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں بذریعہ وڈیو لنک حصہ لے سکیں۔ وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات agmgggl23@ghaniglobal.com پر، اپنی اپائنٹمنٹ / رجسٹریشن کے لئے اور پراکسی کی تصدیق کے لئے مورخہ 21 اکتوبر 2023 بروز ہفتہ تک یا اس سے قبل نیچے دیئے گئے فارمیٹ کے مطابق فراہم کر دیں:

| پورا نام | فولیو / سی ڈی سی نمبر | کمپنی کا نام | سی این آئی سی نمبر | رجسٹرڈ ای میل پتہ | موبائل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

وڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان کی معلومات ان ارکان کو فراہم کی جائیں گی جن کی رجسٹرڈ ای میل بشمول تمام کوائف، 21 اکتوبر 2023 بروز ہفتہ کو یا اس سے پہلے موصول ہو جائیں گی۔

حصص داران سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا کے اجزاء پر اپنے تبصرے اور سوالات ای میل کے ذریعے agmgggl23@ghaniglobal.com کے پتے پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

### 4. آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی:

کمپنی نے 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کی آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس اور گزشتہ سالوں کی سالانہ اور سہ ماہی فنانشل سٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ: www.ghaniglobalglass.com پر فراہم کر دی ہیں۔

مذکورہ بالا سے قطع نظر، کمپنی کسی رکن کو ان کی درخواست پر آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس مجلد (Hard Copies) شکل میں ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ، درخواست موصول ہونے کے ایک (1) ہفتے کے اندر فراہم کرے گی۔

### 5. پتہ اور سی این آئی سی میں تبدیلی

ارکان سے درخواست ہے کہ درج ذیل معلومات / دستاویزات، اگر پہلے مطلع نہیں کیا / جمع نہیں کرائیں، سی ڈی ایس میں بک انٹری سکیورٹیز کی صورت میں اپنے متعلقہ شرکاء اور فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار کو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے مذکورہ بالا پتہ پر مطلع کریں / جمع کرائیں، جس میں اپنے فولیو نمبرز اور کمپنی کے نام کا حوالہ دیں:

- اپنے پتہ میں تبدیلی، اگر کوئی ہو
- جن ارکان نے اپنے درست سی این آئی سی کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی تا حال جمع نہیں کرائی، ان سے درخواست ہے کہ یہ فولیو نمبرز کے ہمراہ جلد از جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو براہ راست جمع کرائیں۔